# 25-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کی حکومت کی جانب سے قائم کیے گئے ہارڈ ویر پروٹو ٹائپنگ مرکز ٹی ورکس میں تمام اقسام کے طیاروں کے لئے فلائٹ سمیولیٹرس کی تیاری کا کام کیا جارہا ہے۔

۲۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ بھارت میں توقع سے 6 سال قبل ہی20 فیصد بائیو فیول بلنڈنگ کا نشانہ حاصل کرلیا ہے۔

۳۔سینئر آئی اے ایس عہدیدار سمیتا سبروال آج اس وقت راحت ملی جب تلنگانہ ہائی کورٹ نے حکم دیا کہ کالیشورم لفٹ آبپاشی پراجکٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں سے متعلق جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی تحقیقاتی رپورٹ کی بنیاد پران کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے۔

۴۔ریاست کے 18 اضلاع میں آئندہ دودن کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔دفتر موسمیات نے بتایا کہ 15 اضلاع میں انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔

TTD:

~ آندھراپردیش کے چیف منسٹر این چندرابابو نائیڈو نے آج ترو ملا میں اینٹی گریٹیڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کا افتتاح کیا۔آرٹیفشل انٹلیجنس پر مبنی یہ کمانڈ سنٹر یاتریوں کیلئے ملک کا اپنی نوعیت کا پہلا سنٹر ہے۔اِس کے ذریعہ ٹی ٹی ڈی کے حکام ہجوم میں اضافہ کی صحیح پیش قیاسی کرسکتے ہیں۔اس کی مدد سے تیزی کے ساتھ درشن کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔اس کے علاوہ یہ کمانڈ سنٹر سلامتی کے ماحول کو بہتر بنائے گا اور اس کی مدد سے سائبر خطرات پر نظر رکھی جاسکے گی۔ یہ مرکز جدید کیمروں اور 3D ٹکنالوجی پر مبنی نقشوں اور لائیو ڈیش بورڈ سے لیس ہے۔ یہاں پر ایک خصوصی تکنیکی ٹیم متعین کی گئی ہے۔اس مرکز سے 6 ہزار سے زائد اے آئی کیمرے مربوط ہیں۔ یہ ملک کا پہلا کمانڈ سنٹر ہے جہاں اے آئی پر مبنی جدید تکنالوجی استعمال کی جارہی ہیں۔

RKSC

رچہ کنڈہ پولیس اور رچہ کنڈہ سیکورٹی کونسل نے رچہ کنڈہ کمشنریٹ کے حدود میں سینئر شہریوں کی دیکھ بھال اوران کے تحفظ کیلئے ایک خصوصی پروگرام شروع کیا ہے۔ رچہ کنڈہ پولیس کمشنر سدھیر بابو نے جو رچہ کنڈہ سیکورٹی کونسل کے چیرمین بھی ہیں بتایا کہ اس پر پروگرام کے تحت سینئر شہریوں سے باقاعدگی کے ساتھ ملاقاتیں ہوں گی اور انہیں اخلاقی مدد دی جائے گی۔ اس کے علاوہ سائبر سیفٹی کے بارے میں بیداری پیدا کی جائے گی۔ اس پروگرام کے تحت دواخانوں سے معاہدہ کے ذریعہ سینئر شہریوں کو طبی اور ہنگامی امداد بھی مہیا کی جائے گی۔

Sound Byte

رچہ کنڈہ پولیس مالیاتی جرائم سے متعلق اطلاع کی فراہمی میں بھی مدد دے گی۔ پولیس ان جرائم کی تحقیقات بھی کرے گی اور سینئر شہریوں پر جسمانی یا نفسیاتی حملوں کی صورت میں مداخلت بھی کرے گی۔ پولیس بزرگ شہریوں کو سڑکوں پر چھوڑ دینے کے واقعات سے بھی نمٹیں گی اور کھوئی ہوئی اشیاء کا پتہ بھی لگائے گی۔ سینئر شہری ہلپ لائن نمبر 14567 پر پولیس سے ربط قائم کر سکتے ہیں۔ رچہ کنڈہ پولیس نے واٹس ایپ نمبر بھی جاری کیا ہے۔ یہ نمبر ہے 8712662111۔

HYDROGEN SUMMIT

پٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ بھارت میں توقع سے 6 سال قبل ہی 20 فیصد بائیو فیول بلنڈنگ کا نشانہ حاصل کرلیا ہے۔ دہلی میں ورلڈ ہائیڈروجن انڈیا سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت نے 2030ء تک پانچ ملین ٹن گرین ہائیڈروجن کی پیداوار کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرین ہائیڈروجن مستقل کا ایندھن ہے اور یہ ہر اس جگہ کامیاب ہوگا جہاں مقامی طور پر اس کی مانگ ہے، جہاں اس کی پیداوار اور اس استعمال ہوتا ہے۔

Sound Byte

انہوں نے کہا کہ تیل اور گیس کے شعبوں میں ملک کی سرکاری کمپنیوں نے سال 2030ء تک ایک ملین ٹن گرین ہائیڈروجن کی پیداوار کے منصوبہ کا اعلان کیا ہے۔

SMITA SABHARWAL:

سینئر آئی اے ایس عہدیدار سمیتا سبر وال آج اس وقت راحت ملی جب تلنگانہ ہائی کورٹ نے حکم دیا کہ کالیشورم لفٹ آبپاشی پراجکٹ میں مبینہ بے قاعدگیوں سے متعلق جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی تحقیقاتی رپورٹ کی بنیاد پر ان کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جائے۔ سابقہ دور حکومت میں چیف منسٹر کے دفتر میں ایڈیشنل سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دینے والی سبر وال نے ایک ریٹ عرضی دائر کرتے ہوئے کمیشن کی رپورٹ کو چالنج کیا ہے۔کمیشن نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ پروجیکٹ کے سلسلہ میں اپنے فرائض ادا کرتے ہوئے سمیتا سبروال نے غیر ذمہ داری سے کام لیا۔ کمیشن نے یہ بھی کہا کہ آئی اے ایس عہدیدار نے متعلقہ فائلز کو کابینہ کے سامنے رکھے بغیر پروجیکٹ کیلئے انتظامی منظوریاں دیں۔کمیشن نے کام کاج سے متعلق قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر ان کے خلاف کارروائی کی سفارش کی ہے۔

WEAHTER:

ریاست کے 18 اضلاع میں آئندہ دودن کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔دفتر موسمیات نے بتایا کہ 15 اضلاع میں انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ریاست کے 15 اضلاع کیلئے کل بھی آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔دفتر موسمیات نے بتایا کہ ان اضلاع میں یکا دوکہ مقامات پر شدید بارش ہوسکتی ہے اور طوفانی ہوائیں چل سکتی ہیں۔

TGSPDCL:

تلنگانہ سدرن پاورڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹڈ کے چیرمین اور مینجنگ ڈائرکٹر مشرف فاروقی نے عہدیداروں کو نئے برقی کنکشن کیلئے زیرالتوادرخواستوں سے نمٹنے کی ہدایت دی ہے۔عہدیداروں سے کہا گیا ہے کہ وہ درخواستوں کی منظوری کیلئے ہفتہ کوفراہم کی گئی مہلت سے استفادہ کریں۔ چیف انجینئروں اور سپرنٹنڈنگ انجینئروں کے ساتھ ایک ٹیلی کانفرنس کے دوران انہوں نے نئے کنکشن کیلئے زیرالتوا درخواستوں، مالکانہ حقوق کی تبدیلی،سولارنٹ میٹرنگ اور پی ایم سوریہ گھر کا جائزہ لیا۔اپارٹمنٹس اور لے آؤٹس میں نئے کنکشنس کے لئے 593 درخواستیں زیرالتوا ہیں۔ چیرمین اور مینجنگ ڈائرکٹر نے ان درخاستوں سے فوری نمٹنے کی ہدایت دی۔سی ایم ڈی نے کل ایک بائیک پرسفرکرتے ہوئے پرانے شہر کے حسینی علم اور مغلپورہ علاقوں میں بہروپیا بستی اور گلاکھڑکی بستی کی تنگ گلیوں کا دورہ کیا اورنٹ ورک کا جائزہ لیا۔

HC

راجندرنگرمیں ہائی کورٹ کی نئی عمارت کی تعمیرکیلئے حکومت کی جانب سے مختص اراضی پرتلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس آ پریش کمارسنگھ نے کل بھومی پوجا کی۔ریاستی حکومت نے ہائی کورٹ کی نئی عمارت کیلئے 100 ایکڑزمین مختص کی ہے۔ اس موقع پر ہائی کورٹ کے جج جسٹس پی سیام کوشی،جسٹس کے لکشمن اور جسٹس بی وجئے سنگھ ریڈی ڈوژنل جنرل سدرشن ریڈی، چیف پرنسپل سکریٹری آر اینڈ بی وکاس راج اور باراسوسی ایشن کےصدراوردیگرارکان موجودتھے۔

DEENDAYAL:

نائب صدرجمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے آج پنڈت دینديال اوپادھیائے کوآج ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں نائب صدر نے کہا کہ پنڈت دینديال

اوپادھیائے نے گہری فکراورانتہائی سادگی کی زندگی گزاری۔انہوں نے کہا کہ دینڈیال اوپادھیائے کی زندگی ایکتما مانوتاواد کی مثال ہے۔وہ بھارت کے سچے خادم تھے۔پنڈت دینڈیال اوپادھیائے کوخراج پیش کرتے ہوئے وزیراعظم نریندرمودی نے کہا کہ وہ مادرِہند کے عظیم سپوت تھے۔

HARISH RAO:

سابق وزیراور بی آرایس کے ایم ایل اے ہریش راؤ نے کانگریس حکومت سے وعدوں کی تکمیل کا مطالبہ کرتے ہوئے چلوسکریٹریٹ احتجاج منظّم کرنے والے آنگن واڑی ورکرس پر پولیس مظالم کی مذمت کی ہے۔انہوں نے گرفتار کیئے گئے مظاہرین کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔انہوں نے حکومت پرزور دیا کہ وہ کانگریس کے انتخابی منشور میں خاتون ملازمین کے ساتھ کیئے گئے وعدوں کی تکمیل کرے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ سابق چیف منسٹر چندرشیکھرراؤ نے آنگن واڑی عملہ درجہ بڑھاتے ہوئے انہیں ورکرس سے ٹیچرس بنادیا تھااوران کی تنخواہوں میں اضافہ کیا تھا۔

SRIDHAR BABU

تلنگانہ کی حکومت کی جانب سے قائم کیئے گئے ہارڈ ویر پروٹو ٹائپنگ مرکز ٹی ورکس میں تمام اقسام کے طیاروں کے لئے فلائٹ سمیولیٹرس کی تیاری کا کام کیا جارہا ہے۔ان میں مسافرطیارہ،جنگی طیارہ اور ہیلی کیاپٹرس کے سمیولیٹرس شامل ہیں۔آئی ٹی اورصنعتوں کے وزیرڈی سریدھر بابو نے اعلان کیا کہ ٹی ورکس میں قائم ہونے والی کمپنیاں سیمی لیٹرس کی تیاری کیلئے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کمپنیوں کو آئندہ تین سال کے دوران پانچ سیمی لیٹرس کے آرڈر ملے ہیں۔

OO